LONDON FIRE BRIGADE

Urdu

گھر یلو آتشزدگی سے حفاظت کی گائیڈ

اسموک الارم نصب کریں اوراس کو ماہانہ بنیادوں پر ٹیسٹ کریں

گھر کےاندر کسی بھی جگہ آتشزدگی رونما ہو سکتی ہے لہذا فوری پتا چلانا اہمیت کا حامل ہے۔ آپکو ان کمروں میں الارم نصب کرنا چاہیے جہاں:

- لوگ سوتے ہوں۔
- بجلی کے آلات کو آن یا چارج کرنے کے لیے چھوڑ دیا جائے۔
- لوگ سگریٹ نوشی کرتے ہوں۔
- موم بتیاں، اگر بتیاں، یا آگ جلا کر استعمال کی جاتی ہو۔
- پورٹیبل [یعنی نقل پذیر] ہیٹرز استعمال کیے جاتے ہوں۔

اپنے کچن میں ہیٹ الارم نصب کریں

ہیٹ الارم آگ کی وجہ سے درجہ حرارت میں اضافے کا پتا لگاتا ہے لیکن یہ خوراک کی تیاری کی وجہ سے پیدا والے ذرات سے آن نہیں ہوتا۔

سگریٹ نوشی

بہترین اورمحفوظ ترین کام سگریٹ نوشی سے اجتناب ہے۔ سگریٹ نوشی سے چھٹکارہ حاصل کرنے میں مدد کے لیے اسموک فری نیشنل ہیلپ لائن کے ساتھ اس نمبر پر رابطہ فرمائیں: 0300 123 1044

اگر آپ سگریٹ نوشی ترک کرنے کے لیے تیار نہ ہوں تو اس مشورے پر عمل کریں:

- سگریٹ نوشی باہر جا کر کریں اور اس بات کو ہمیشہ یقینی بنائیں کہ سگریٹ کو اچھی طرح سے بجھا دیا گیا ہے۔
- بستر یا کسی ایسی جگہ پر جہاں آپ کو نیند آ سکتی ہو سگریٹ نوشی کبھی بھی نہ کریں۔
- کسی بھی طرح کےسگریٹ یا پائپ کو جلتا ہوا نہ چھوڑیں۔
- مناسب ایش ٹرے [راکھ دانی] استعمال کریں اور گرم راکھ کو کبھی بھی کوڑے دان میں نہ ڈالیں۔
- ماچسیں اور لائٹرز بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں۔

اگرآپ نے ویپنگ کا استعمال شروع کر دیا ہے تو درست چاجر استعمال کریں اور اگر سگریٹ ٹوٹا ہوا ہو تو اس کو کبھی بھی استعمال نہ کریں۔

موم بتیاں، ٹی لائیٹس اور اگربتی دان

- ان کو ہمیشہ مستحکم انداز میں اور حرارت سے بچاؤ والے ہولڈر میں رکھیں۔
- ان کو پردوں، فرنیچر، کاغذات اور کپڑوں سے دور رکھیں۔
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ یہ آپکے بستر پر جانے یا کمرے سے باہر جانے سے قبل یہ بجھ گئی ہوں۔
- بغیر شعلے والی LED بتیاں، ٹی لائٹس کا ایک محفوظ متبادل ہو سکتی ہیں

حرارت اور برقی آلات

- ہیٹروں سے کم از کم ایک میٹر دور رہیں۔
- کسی بھی چیز کو جسے آگ لگ سکتی ہوں ہیٹروں سے کافی دور رکھیں۔
- برقی ساکٹوں پر ضرورت سے زیادہ آلات استعمال نہ کریں۔
- برقی آلات مثلاً ٹی ویز کو بند کر کے ساکٹوں سے نکال دیں اور چارج ہونے والے آلات مثلاً موبائل فون کو سوتے وقت چارجر سے الگ کر دیں۔

کچن کے اندر اضافی احتیاطیں برتیں

- کھانے کی تیاری کے دوران پانز سے کبھی بھی لاپرواہی نہ برتیں۔
- اگرآپ تھکے ہوئے ہوں، شراب نوشی کرتے رہے ہوں یا ایسی دوا استعمال کر رہے ہوں جو آپ پر عنودگی طاری کر دے تو کھانا تیار نہ کریں۔

اگر کھانا تیار کرنے والے برتن میں آگ لگ جائے تو:

- بذات خود آگ بجھانے یا پان کو دوسری جگہ منتقل کرنے کی کوشش نہ کریں۔
- اس پر پانی کبھی نہ پھینکیں کیونکہ اس سے آگ بھڑک سکتی ہے۔
- اگر آپ بحفاظت ایسا کر سکتے ہوں تو کریں - حرارات کا بٹن بند کردیں۔
- کمرے سے باہر نکل جائیں اور دروازہ بند کر دیں۔ دوسروں کو باہر جانے کے لیے بلند آواز سےخبردار کر دیں، باہر رہیں اور 999 کو فون کریں۔

باخبر رہیں کہ آتشزدگی کی صورت میں کیا کرنا ہے

اپنے بچاؤ کے بارے میں سوچیں

- بچاؤ کی منصوبہ بندی کریں اور دوسروں کو بھی بتائیں تاکہ ہر کوئی باخبر ہو کہ کس طرح سے بحفاظت باہر نکلنا ہے۔
- بہترین راستہ باہر آنے جانے کے لیے معمول کا راستہ ہے۔
- بالکونیوں اور عام استعمال کی جگہوں پر کوئی بھی چیز نہ رکھیں۔ایسی اشیاء آپ کے باہر نکلنے کے راستے میں رکاوٹ پیدا کر سکتی ہیں اور آتشزدگی کے خطرے کا سبب بن سکتی ہیں۔
- دروازوں اور کھڑکیوں کی چابیاں ہمیشہ ایسی جگہ رکھیں جہاں سے ہر کسی کو دستیاب ہو سکتی ہوں۔

گھریلو آتشزدگی سے بچاؤ

اگرآپکا کوئی بھی اسموک الارم بجنا شروع ہو جائے تو:

- تو باہر نکلنے کے منصوبے پر عمل کریں، باہر آئیں اور 999 پر فون کریں۔
- دوسروں کو باخبر کرنے کے لیے بلند آواز میں "آگ آگ" کہیں اور قیمتی اشیاء اٹھانے کے لیے ہرگز نہ رکیں (یا واپس اندرجائیں)۔
- بند دروازے آگ کو پھیلنے سے روک سکتے ہیں۔ اپنے ہاتھ کی پچھلی طرف سے دروازوں کو چیک کریں اور اگروہ گرم محسوس ہوں تو ان کو نہ کھولیں - کیونکہ دوسری طرف آگ ہو سکتی ہے۔
- دھواں موت کا سبب بن سکتا ہے، جس قدر ممکن ہو نیچے کی طرف جہاں پر ہوا صاف ہو جھک جائیں۔
- اگر آگ نے آپکے انخلا کا راستہ بند کر دیا ہو تو فائر بریگیڈ کے آنے تک وہیں پر رہنا محفوظ ہو سکتا ہے۔ محفوظ جگہ تلاش کریں، دروازہ بند کر دیں اوردھواں بند کرنے کے لیے سوراخوں کو کسی نرم چیز کے ساتھ بند کر دیں۔
- اگر آپ کے پاس فون ہو تو 999 پر فون کریں، کھڑکی کی طرفچلے جائیں اور بلند آواز سے "آگ آگ، بچاؤ بچاؤ" کی صدا لگائیں اور بچاؤ کے لیے انتظار کریں۔

اگر آپ کسی مقصد سے تیار کردہ چھوٹے گھر، بلاک یا فلیٹ میں رہائش پذیر ہیں

اگر آپ کا فلیٹ یا نجی گھر آتشزدگی سے متاثر ہو رہا ہے اور آپکا باہر جانے کا راستہ صاف ہے تو:

- ہر کسی کو باہر نکالیں، دروازہ بند کر دیں اور آرام کے ساتھ عمارت سے باہر نکل جائیں۔
- لفٹ کا استعمال نہ کریں۔
- 999 کو فون کر کے اپنا پتہ فراہم کریں، فلیٹ کا نمبر بتائیں اور بتائیں کہ کس منزل پر آگ لگی ہوئی ہے۔

اگر آپ کے فلیٹ یا نجی گھر میں آگ لگ گئی ہے اور اور آپکا باہر جانے کا راستہ صاف نہیں ہے تو:

- جب تک فائر بریگیڈ نہیں آ جاتا اس وقت تک آپ کے لیے اپنے نجی گھر یا فلیٹ میں ٹھہرے رہنا قدر محفوظ ہو سکتا ہے۔
- دوازے کے قریب کوئی محفوظ جگہ تلاش کر لیں اور جن سوراخوں سے دھواں نکلتا ہو ان کو بند کرنے کے لیے کوئی نرم چیز استعمال کریں۔
- کھڑکی پر جا کر بلند آواز میں "آگ آگ، مدد مدد" کی صدا بلند کریں اور 999 پر فون کریں۔
- یہ بات بتانے کے لیے تیار رہیں کہ آپ کس جگہ ہیں اور آپ تک پہنچنے کا تیز ترین راستہ کونسا ہے۔

اگر عمارت کے کسی دیگر حصے میں آگ لگی ہوئی ہے:

- کسی مقصد کے تحت تیار کردہ نجی گھروں اور فلیٹس میں آپ کو آتشزدگی سے تھوڑا تحفظ فراہم کیا جاتا ہے۔ دیواریں، فرش اور دروازے شعلوں اور دھوئیں کو 30 تک 60 منٹوں تک روک سکتے ہیں۔
- عام طور پر آپ 999 کوپر فون کرنے کے لیے محفوظ رہتے ہیں۔ فائر بریگیڈ کو بتائیں کہ آپ کس جگہ ہیں اور آپ تک پہنچنے کا بہترین راستہ کونسا ہے۔
- اگر آپ عمارت کی کسی مشترکہ جگہ پر ہیں تو اس جگہ سے نکل کر999 کو فون کریں۔

حفاظتی نقص کی بنیاد پرآلات کی صنعت کارکو واپسی اور برقی آلات کی حفاظت

اپنے آپ کو محفوظ رکھنے کے لیے درجہ ذیل احتیاطوں پرعمل کریں:

- اپنے برقی آلات (یعنی واشنگ مشینوں، ٹمبلر ڈرائیر، فریج اورفریزرز) کو، خواہ وہ نئے ہوں یا پرانے، ہمیشہ یہاں پر رجسٹرڈ کروائیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کسی بھی طرح کے حفاظتی مسائل سے آگاہ ہیں: registermyappliance.org.uk
- اگر آپ کو جلنے کی بو آئے یا 'شعلوں' کی آوازیں سنائی دیں تو آلات کو ساکٹ سے نکال دیں اور کسی ماہر سے مشورہ حاصل کریں۔
- باہرآنےجانے کے راستوں (یعنی راہداریوں اور اندر آنےجانے کے راستوں) کو فریجوں اور فریزروں کے ذریعےبند نہ کریں۔
- نقص کی بنیاد پر صنعت کار کو آلات واپس کرنے کے بارے میں معلومات اس حکومتی ویب بیج پر دستیاب ہیں: productrecall.campaign.gov.uk

کاربن مونو آکسائیڈ

کاربن مونو آکسائیڈ (CO) ایک زیریلی گیس ہے جس کی کوئی بو اور ذائقہ نہیں ہوتا۔ خواہ آپ سوئے ہوئے ہوں یا جاگ رہے ہوں CO تیزی کے ساتھ بلا کسی وارننگ آپکو موت سے ہمکنا کر سکتی ہے۔

آپ کیا کر سکتے ہیں:

- اپنے گھر کے ان تمام کمروں میں جہاں پر توانائی سے چلنے والے آلات مثلاً" فائر یا بوائلر، آگ کا چولہا یا کھلی آگ جل رہی ہوCO الارم نصب کریں۔
- کسی منظور شدہ اور ماہر شخص سے توانائی سے چلنے والے تمام آلات کی باقاعدگی کے ساتھ تنصیب اور سروس کروائیں۔
- CO کے زیادہ ترالارم قابل منتقلی ہوتے ہیں؛ جب آپ چھٹیوں پر یا کسی دوست یا فیملی سے ملنے جا رہے ہوں تو اسکو اپنے ساتھ لیکر جائیں۔

CO کی زہریلی علامات میں یہ شامل ہیں:

سرمیں درد، سرچکرانا، جی متلانا، سانس پھولنا، گر پڑنا اور بے ہوش ہو جانا۔

کیا کرنا چاہیے:

- عمارت سے فوری طور پر باہر نکل جائیں اور ترجیحی بنیادوں پر طبی امداد حاصل کریں۔
- بتائیں کہ آپ CO کے زہر سے متاثر ہو گئے ہیں اور اگر ممکن ہو تو وجہ بتائیں۔
- گھر واپس آنے سے قبل گیس ایمرجنسی کے اس نمبر پر حفاظتی مشورہ حاصل کرنے کے لیے فون کریں: 0800 111 999